روزنامہ ایکسپریس

Dated: 02-July-2020

2019-20: سندھ ریونیو بورڈ نے 105 ارب کا ریونیو وصول کیا

کورونا، لاک ڈاؤن کے باوجود وصولیوں میں 5.6 فیصد اضافہ موثر حکمت عملی کا نتیجہ

ایس آر بی کی ٹیم آئندہ مالی سال کے ریونیو ہدف کے حصول کے لیے متحرک ہے، مشتاق کاظمی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ریونیو بورڈ مالی سال 2019-20 میں کورونا، لاک ڈاؤن اور معاشی سست روی کے باوجود 5.6 فیصد کے اضافے سے 105.9 ارب روپے مالیت کا مجموعی ریونیو وصول کرنے میں کامیاب رہا۔ ایس آر بی کے مشیر مشتاق کاظمی نے بتایا کہ مالی سال 2019-20 میں شعبہ خدمات پر عائد سیلز ٹیکس کی مد میں 8 فیصد اضافے سے 100.3 ارب روپے کی وصولیاں کی گئیں۔ انھوں نے بتایا کہ مالی سال 2019-20 کے اختتامی 4 ماہ کے دوران کورونا وبا سے لاک ڈاؤن اور معاشی سرگرمیاں سست رفتار ہونے کے باوجود ایس آر بی کی ریونیو وصولیوں کے حجم میں اضافہ بورڈ کی موثر حکمت عملی اور ٹیکس دہندگان کے تعاون کی مرہون منت ہے۔ مالی سال 2019-20 کے دوران ایس آر بی نے سندھ ورکرز ویلفیئر فنڈ کی مد میں وصولیوں کا حجم بھی بڑھ کر 105.9 ارب روپے تک پہنچ گیا۔ ایس آر بی کی ٹیم اب مالی سال 2020-21 کیلیے 27.5 فیصد کے سالانہ اضافے سے 135 ارب روپے کے ریونیو ہدف کے حصول کے لیے متحرک ہے۔

Ref#
https://www.express.com.pk/epaper/PoPupwindow.aspx?newsID=1107554494&Issue=NP_KHI&Date=20200702